اخبار الجامعۃ

محمد ایوب غلام

13-01-05 المرکز الاسلامی پر شیعہ دہشت گردوں نے حملہ کر کے قرآن مجید کے سینکڑوں نسخوں سمیت مدرسۃ البنین، ہوسٹلوں، دفاتر، دوکانات مع گوداموں، گاڑیوں، ڈسپنسری اور ذاتی املاک کو نذر آتش کر دیا۔ مسجد اور لائبریری میں توڑ پھوڑ کی۔

29-03-05 جامعہ کے ہر دلعزیز استاد الشیخ محمد علی الحیدریؒ دل کا دورہ پڑنے سے رحلت فرما گئے۔ ﴿انا للہ وانا الیہ راجعون﴾ آپ کی عمر تقریباً 50 سال تھی اور 17 سال سے تدریسی و تبلیغی خدمات انجام دے رہے تھے۔

30-03-05 جمعیت طلباء جامعہ دار العلوم کا نظام چلانے کے لیے درج ذیل عہدیدار منتخب ہوئے: امیر فردوس غلام قادر نائب: عبیدالرحمن عطاء الرحمن جنرل سیکرٹری: حافظ زاہد حسین نائب سیکرٹری: حسن عباس خازن: علیم اللہ

05-05-05 مجلہ التراث کی مجلس ادارت و مشاورت کا مشترکہ اجلاس ہوا، جس میں جمعیت اہل حدیث بلتستان کی مجلس شوریٰ کی طرف سے مجلّہ کو سہ ماہی کرنے کی اجازت پر عمل درآمد کے سلسلے میں لائحہ عمل طے کیا گیا۔

16-05-05 جمعیت طلباء کے زیر اہتمام اکابرین جماعت کے ساتھ خصوصی ملاقاتوں کا سلسلہ شروع ہوا۔ اس مبارک سلسلے کا آغاز امیر جمعیت مولانا عبدالرحمن حنیف -حفظہ اللہ- کے محاضرے سے ہوا، آپ کا عنوان تھا:

''عصر حاضر کے تقاضے اور طلباء کی ذمہ داریاں''

31-05-05 نائب امیر مولانا محمد ابراہیم علی کے محاضرے کا عنوان تھا: ''روشن خیال'' سرکاری پالیسی اور اسلامی مدارس کا مستقبل''

20-06-05 مدیر الجامعہ الشیخ عبدالواحد عبداللہ نے درج ذیل موضوع پر روشنی ڈالی: ''اصلاح معاشرہ میں طلباء کا کردار''

26-06-05 منجر غواڑی کے بالمقابل نالہ کورو میں سیلاب آنے کی وجہ سے دریائے شیوک نے اپنا رخ منجر کی وسیع آبادی کی طرف پھیر دیا۔ اس کے اثرات سے جامعہ دار العلوم بلتستان غواڑی کے قائم کردہ مدرسے کا گراؤنڈ بھی بری طرح متاثر ہوا۔ لوگ گھروں سے نکل کر محفوظ مقامات پر منتقل ہو گئے۔ اعانھم اللہ و رحمھم اجمعین

28-06-05 کورو نالے میں دوبارہ سیلاب آیا، اب کی بار شدید تباہی مچی اور سینکڑوں لوگ بے گھر ہو گئے۔ بہت سارے گھر اور ہزاروں درخت بھی سیلاب میں بہ گئے۔ جامعہ میں عنقریب ہونے والا ششماہی امتحان ملتوی کر دیا گیا۔ جامعہ دار العلوم بلتستان غواڑی کی طرف سے کورو اور غواڑی کے سیلاب زدگان میں امدادی اشیاء تقسیم کی گئیں۔

30-06-05 جامعہ دار العلوم بلتستان غواڑی کی انتظامیہ نے ایک ہنگامی میٹنگ میں سیلاب کی صورت حال پر غور کیا اور حالات کے تناظر میں ماہ اگست کے آخر تک جامعہ میں تعطیلات کا اعلان کر دیا۔